## کراچی میں بلوچ اورایم کیوایم کولڑانے کی سازشیں ناکام ہونگی، بلوچ معززین وعمائدین

## بلوچ قوم کا شمار پاکستان کے غیوراور باشعورقوموں میں ہوتا ہے، اراکین رابطہ کمیٹی

## بلوچ معززین وعمائدین اور جزیرہ بابااور بھٹ کے وفدکی خورشیدبیگم میموریل عزیزآبادرابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔28جنوری2010ء

کراچی کی مختلف بلوچ آبادیوں کے رہائشی بلوچ معززین اورعمائدین کے وفد نے گزشتہ روزخورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنور خالد یونس، اشفاق منگی، سیدشاکرعلی، رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیرانفارمیشن ٹیکنالوجی رضاہارون سے ملاقات کی۔ وفدمیں سرداراختر بلوچ، جام سلطان، سلیمان بروی، رسول بخش آسی، مولابخش نوپانی بلوچ، محمداقبال دہانی بلوچ، عبدالواحد بزنجو، ڈاکٹرعزیزبلوچ، مولابخش پاپڑا، عبدالحکیم بلیدی، چنیسرخان گبول، ابوبکر، شمس الدین بلوچ اورمحمدعلی شاہ اورسابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی فریدہ بلوچ بھی شامل تھیں۔ اس موقع پرایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔ اراکین رابطہ کمیٹی نے بلوچ معززین و عمائدین سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ بلوچ قوم کا شمار پاکستان کی غیوراور باشعورقوموں میں ہوتا ہے، قیام پاکستان سے ہی بلوچوں کا معاشی، تعلیمی اورسیاسی استحصال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے بلوچستان کےعوام کے حقوق کے لیے پاکستان کے ہرفورم پرآوازاٹھائی اور بلوچستان سے کی جانے والی ناانصافیوں اورحق تلفیوں پر احتجاج کیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت کی روشنی میں آئندہ چنددنوں میں بلوچ معززین اورعمائدین کے ایک وفدکی گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداورسٹی ناظم مصطفیٰ کمال سے ملاقات کرائی جائے گی، بلوچ معززین نے بلوچ عوام پرظلم وستم کیخلاف آوازحق بلندکرنے پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کاشکریہ ادا کیااورکہا کہ ملک بھرکے مظلوم عوام متحدہ کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ وفدکے ارکان نے کہا کہ انشاءاللہ کراچی میں بلوچ اورایم کیوایم کولڑانے کی سازشیں ناکام ہونگی۔ دریں اثناء بابا جزیرہ اور بھٹ جزیرہ کے کچھی برادری کےمعززین علی محمد، حاجی ہاشم جیپراہی، اکبربھٹی، عبدالغنی بھٹی، ہاشم کپوانی، محمدصدیقی پرار، عبدالرشیدکچھی، عمرفاروق، محمدعباس، علی محمدپر مشتمل وفدنے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہدلطیف سے ملاقات کی اس موقع پرایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین کمیٹی بھی موجود تھے۔ رکن رابطہ کمیٹی شاہدلطیف نے وفدسے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے سیاست برائے خدمت کا درس دیا ہے، جزائرمیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پربنیادی سہولتیں فراہم کی گئیں۔ وفدنے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہدکوسراہتے ہوئے کہا کہ ملک بھرکے مظلوم عوام قائدتحریک جناب الطاف حسین کومسیحا مانتے ہیں۔ وفدکے ارکان نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست قیادت نے ان علاقوں میں بھی بنیادی سہولتیں فراہم کیں جہاں 62 سال سےکوئی ترقیاتی کام نہیں ہواتھا۔ وفدکے ارکان کوباباجزیرہ اور بھٹ جزیرہ کے رہائشیوں کےمزیدمسائل کی طرف توجہ دلائی۔ رکن رابطہ کمیٹی شاہدلطیف نے وفدکےارکان کوان کےمزیدمسائل کےحل کی یقین دہانی کرائی۔

## سال نوکےموقع پرایم کیوایم پی پی اوسی کے تحت خوبصورت کیلنڈرکااجراء

کراچی۔۔۔28جنوری2010ء

ایم کیوایم کےشعبہ پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے سال نو2010ءکےموقع پرقائدتحریک الطاف حسین کی تصویرپرمبنی خوبصورت کیلنڈرکااجراء کیا گیا، کیلنڈرکااجراء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان کنورخالدیونس، نیک محمداورتوصیف خانزادہ نے کیااس موقع پرپی پی اوسی کےانچارج واراکین بھی موجود تھے۔ کیلنڈرکےمرکزی خیال میں دکھایا گیا ہے کہ قائدتحریک الطاف حسین کا پیغام سندھ سے نکل کربلندوبالا پہاڑوں پرپہنچ گیا ہےاورتمام قومیتوں کےعوام الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کودل کی گہرائیوں سے قبول کرتے ہوئے خوش آمدید کہے رہے ہیں۔ کیلنڈرمیں قائدتحریک الطاف حسین کی خوبصورت تصویرنمایاں جس میں تمام قوموں کوایک ہونے کاواضح اشارہ بھی کررہے ہیں جبکہ مختلف قومتیوں کےاظہاریکجہتی کامظاہرہ بھی کررہے ہیں۔

**متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کی واحد جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ نظام کا خاتمہ کرکے عوام کو ان کا جائز دلائے گی، لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی**

**کمیونٹی کا الطاف حسین کے فکر و فلسفے سے مکمل اتفاق اور اعتماد، ایم کیو ایم کے ساتھ ملکر موروثی سیاست کے خاتمے کی یقین دہانی**

**لاہور حمزہ ٹاؤن فیروز پور کی کرسچین کمیونٹی کی جانب سے شیکانہ چرچ میں میٹنگ کا اہتمام**

**ایم کیو ایم لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت**

لاہور۔۔28/جنوری2010ء

لاہور حمزہ ٹاؤن فیروز پور کی کرسچین کمیونٹی کے لوگوں نے شیکانہ چرچ میں ایک میٹنگ کا اہتمام کیا جس میں متحدہ قومی موومنٹ لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج واراکین نے شرکت کی ۔میٹنگ میں کرسچین کمیونٹی کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی ۔قبل ازیں ایم کیو ایم لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے اراکین جیسے ہی شیکانہ چرچ پہنچے کرسچین کمیونٹی کے عوام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور جئے الطاف ، جئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر کا جاری رہا ۔اس موقع پر لاہور ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج واراکین نے کرسچین کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی ملک کی واحد جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ ،وڈیرانہ نظام سے عوام کو نجات دلانا چاہتی ہے ۔انہوں نے میٹنگ کے شرکاء کو قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور ایم کیو ایم کے مشن ومقصد سے پوری طرح آگاہ کیا اور انہیں ایم کیو ایم میں شمولیت کی دعوت بھی دی ۔اس موقع پر کرسچین کمیونٹی نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے مکمل اتفاق اور اس پر اعتماد کا اظہار کیا اور ایم کیو ایم کے ساتھ ملکر موروثی سیاست کے خاتمے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی ۔

☆☆☆☆☆